# عبادتوں میں نیکی وانسانیت کا مقام اعلیٰ وافضل ہے

**جس معاشرے کے لوگوں میں نیکی، انسانیت، ہمدردی، صلہ رحمی، حقوق العباد، اور معاشرتی ذمہ داریوں کا فقدان ہے اس معاشرے کے باشندوں کو قرآنی آیات، احادیث آقا دو جہاںؐ، اقوال ذریں آئیمہ کرامؑ، نہج البلاغہ، صحیفہ سجادیہ، اور مکارم الاخلاق پر ایک نظر ڈالنے کی کوشش کریں تبھی انسان کو اشرف مخلوق کے رنگ و روپ میں دیکھا جا سکتا ہے، مقصد خلقت الٰہی کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے اور معلوم ہو سکے گا کہ حقیقی بندگی و زندگی کیا ہے۔ جدید معاشرے میں نیکی اور انسانی اقدار کی پامالی یا نظر انداز کرنا ہمدردی کے اعتماد میں کمی شامل ہے۔ یہ تبدیلی انتہائی افسوس ناک اور تعلیمات قرآن کے منافی ہے۔ اہل نظر و فکر کا ماننا ہے کہ مادیت پرستی، کمزور سماجی روابط، اور تیز رفتار زندگی کار فرما ہے۔ آج کے دور میں معاشرے سے رواداری اور باہمی احترام جیسی اعلیٰ نیکی، انسانی و اخلاقی قدریں تیزی سے ختم ہو رہی ہیں۔ ان خوبیوں کے زوال کی بڑی وجوہات میں انسانی احساس کا فقدان شامل ہیں، جس کی وجہ سے معاشرہ عدم برداشت اور بے حسی کا شکار ہو چکا ہے۔**

ڈاکٹر شجاعت حسین



خالق کائنات نے تمھاری خلقت عمل احسن کے مقصد الٰہی سے ہوئی ہے تاکہ فیصلہ کیا جا سکے کہ تم میں بہتر عمل کرنے والا کون ہے (سورہ ملک)۔ تعداد سجود اور کسرت عبادت کافی نہیں۔ یہ تحریر کرنے کی ضرورت نہیں کہ ابلیس بہت عبادت گذار تھا۔ کیا ہم نے ان آیات مبارکہ کو تدبر و تفکر سے مطالعہ کیا اور عمل میں لا" پھر وہ دیکھ لیں گے اگر ذرہ برابر بھی نیکی کی ہوگی اور اپنی بدی بھی دیکھ لیں گے گو وہ ذرہ برابر کی ہوگی"۔ (سورہ الزلزال)

ہمارے معاشرے میں روزانہ کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ پیش آتا ہے لیکن اشرف الخلوقات اس طرف متوجہ نہیں ہوتی ہے۔ ایسی بے حسی کا مطلب ہے کہ تعلیمات قرآن اور احادیث پاک کے اثرات کردار و عمل سے نمایاں نہیں ہے۔ ایسے موجودہ حالات متنبہ کرتا ہے کہ زمانے کی قسم انسان خسارے میں ہے اور آخرت اور عالم برزخ میں نجات وشفاعت ناممکن ہے۔ اس المیہ کو سمجھنے کے لیے علم، عقل، تعلیم، بصیرت، معرفت، تربیت، تقویٰ، پرہیزگاری، حلال رزق، کربلا کے پیغام، مقصد حیات، اہداف زندگی، اخلاقیات، نیکی، انسانیت، ہمدردی، صلہ رحمی کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے۔

مسجد، محراب، امام بارگاہ، منبر، مومنین، فرش عزا، انجمن، ذاکر اہلبیت و شعرائے اہلبیت علیہم السلام، علمائے کرام کے قول وفعل کا باریک بینی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ کیا خود کا یا معاشرہ کا محاسبہ ضروری ہے۔

جس معاشرے کے لوگوں میں نیکی، انسانیت، ہمدردی، صلہ رحمی، حقوق العباد، اور معاشرتی ذمہ داریوں کا فقدان ہے اس معاشرے کے باشندوں کو قرآنی آیات، احادیث آقا دو جہاںؐ، اقوال ذریں آئیمہ کرامؑ، نہج البلاغہ، صحیفہ سجادیہ، اور مکارم الاخلاق پر ایک نظر ڈالنے کی کوشش کریں تبھی انسان کو اشرف مخلوق کے رنگ وروپ میں دیکھا جا سکتا ہے، مقصد خلقت الٰہی کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے اور معلوم ہو سکے گا کہ حقیقی بندگی و زندگی کیا ہے۔ جدید معاشرے میں نیکی اور انسانی اقدار کی پامالی یا نظرانداز کرنا ہمدردی کے اعتماد میں کمی شامل ہے۔ یہ تبدیلی انتہائی افسوس ناک اور تعلیمات قرآن کے منافی ہے۔ اہل نظر وفکر کا ماننا ہے کہ مادیت پرستی، کمزور سماجی روابط، اور تیز رفتار زندگی کارفرما ہے۔ آج کے دور میں معاشرے سے رواداری اور باہمی احترام جیسی اعلیٰ نیکی، انسانی و اخلاقی قدریں تیزی سے ختم ہو رہی ہیں۔ ان خوبیوں کے زوال کی بڑی وجوہات میں انسانی احساس کا فقدان شامل ہیں، جس کی وجہ سے معاشرہ عدم برداشت اور بے حسی کا شکار ہو چکا ہے۔

کیا نیکی، انسانی اور اخلاقی زوال کی وجہ مادہ پرستی ہی ہے، روپے پیسے کو ہی سب کچھ سمجھنا ہی ہمارا اصول زندگی بن کر رہ گیا ہے۔

گھروں میں والدین اپنی ذمہ داریوں سے دستبردار نظر آتے ہیں۔ تربیتی فقدان، اسکولوں میں اچھے اخلاق کی تعلیم پر توجہ نہ دینا۔ معاشرتی نقصانات آپسی بھائی چارے اور اعتماد کا خاتمہ۔ معاشرے کا پستی اور زوال کی طرف گامزن ہونا قابل غور ہے۔

ان آیات کریمہ کا مطالعہ کتنا اہم ہے۔ اس پر عمل درآمد ہونے کی نہایت ضروری ہے۔ یہ تعلیم وتربیت پر زور دیتی ہیں۔

قرآن مجید میں انسانیت کا درس بنیادی طور پر تکریمِ آدمؑ، جان کا احترام اور باہمی تعاون پر مبنی ہے۔ قرآن ہر انسان کو رنگ ونسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر عزت واحترام دیتا ہے اور نیکی وانسانیت کا درس دیتا ہے۔

انسانیت کے احترام سے متعلق اہم آیات عزت وتکریم پر غور کریں:

پوری انسانی جان کا احترام: "جس نے کسی انسان کو بغیر خون کے بدلے یا زمین میں فساد پھیلانے کے ناحق قتل کیا، تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کرڈالا۔ اور جس نے اسے زندہ رکھا، تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ رکھ دیا"۔ (المائدہ:32)

نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرو"۔ (المائدہ:2)

قرآن مجید میں اخلاقیات کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے توحید وعبادات کے ساتھ ساتھ بہترین انسانی رویوں اور عاجزی کی شدید تاکید فرمائی ہے تاکہ ایک پرامن اور صالح معاشرہ کی تشکیل ہو۔ اللہ نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے۔

یہ سبھی آیات مبارکہ اچھے معاشرے کی تشکیل کے لیے ہیں جو ہر فرد کے قول وفعل سے ظاہر ہو۔

حضرت محمد مصطفیٰؐ کی ذات اخلاقِ حسنہ کا مکمل نمونہ اور قرآنِ مجید کا عملی مجسمہ ہے۔ آپ کا اخلاقی درس نیکی اور انسانیت پر محیط ہے۔ تمام انسانوں کے ساتھ حسنِ سلوک پر مبنی ہے۔

ائمہ معصومینؑ کا اخلاقی درس قرآن مجید اور پیغمبر اسلامؐ کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہے۔ ان کا بنیادی اخلاقی پیغام انسانیت کی خدمت، ہمدردی، محبت اور عیادت کرنا ہے۔ جو مکتبِ اہل بیتؑ (جیسے نہج البلاغہ اور صحیفہ سجادیہ) میں نمایاں ہے۔ اہم اخلاقی اصول میں حسنِ سلوک اور عاجزی ہے یعنی لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنا اور تکبر سے اجتناب کرنا۔ ایثار اور خدمتِ خلق: ضرورت مندوں کی مدد کرنا اور اپنے بھائیوں کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھنا۔ عملی اور تربیتی پہلو ائمہؑ نے اخلاق کو صرف گفتار تک محدود نہیں رکھا بلکہ اپنے کردار سے ثابت کیا۔

نہج البلاغہ میں امام علیؑ کا اخلاقی درس ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ دنیا فانی ہے، لہٰذا انسان کو آخرت کی تیاری کرنی چاہیے۔ اخلاقیات میں زبان کی حفاظت، اور کمزوروں کی مدد کرنا سب سے اہم ہیں۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ انسان اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوتا ہے، لہٰذا تول کر بات کریں۔ جو بات کہیں، اسے پورا کریں۔ غصے کے وقت عقل سے کام لیں اور معاف کرنا سیکھیں۔ سماجی رویے غریبوں کی دستگیری: یتیموں اور محتاجوں کا خیال رکھیں۔ لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کریں۔ واقعہ کربلا صرف ایک تاریخی سانحہ نہیں بلکہ انسانیت کے لیے اخلاق، صبر اور حریت کی ایک عظیم الشان درسگاہ ہے۔ اس واقعہ سے ہمیں یہ درس ملتا ہے کہ اصولوں پر سمجھوتہ کیے بغیر ظالم کے سامنے ڈٹ جانا چاہیے، اور تمام تر مصائب میں بھی اعلیٰ انسانی ونیکی اقدار، عزم اور خدا کی رضا کو مقدم رکھنا چاہیے۔ معرکہ کربلا سے نیک اور انسانیت کا درس ملتا ہے۔ آپؑ نے دشمنوں اور ان کے جانوروں کو بھی پانی پلایا۔

صحیفہ کاملہ جسے صحیفہ سجادیہ بھی کہتے ہیں، حضرت امام زین العابدین (ع) کی دعاؤں کا عظیم مجموعہ ہے جو روحانیت کے ساتھ ساتھ اعلیٰ ترین اخلاقی اقدار، تزکیہ نفس اور انسانی رویوں کی درست تربیت کا ایک مکمل مکتبِ فکر پیش کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق (اعلیٰ اخلاق کی دعا): صحیفے کی مشہور دعا (دعائے مکارم الاخلاق) میں بہترین اخلاق، اور لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کی التجا سکھائی گئی ہے۔ بندگانِ خدا کے ساتھ نرم دل اور خیرخواہی کا رویہ رکھنا۔ والدین، پڑوسیوں، رشتہ داروں اور عام انسانوں کے حقوق کا پاس رکھنا اور معاشرتی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھانا۔

مکارم الاخلاق (اعلیٰ اور بلندترین اخلاق) اسلامی تعلیمات کا بنیادی مقصد ہیں۔ پیغمبرِ اسلام حضرت محمدؐ نے فرمایا کہ مجھے بلند اخلاق کو پورا کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے۔ مکارم الاخلاق کے اسباق انسان کو معاشرے میں بہتر، دیانت دار اور مہربان بنانا سکھاتے ہیں۔ رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا۔ ان کے دکھ درد میں شریک ہونا۔ سچی ہمدردی: غریبوں اور محتاجوں کی مدد کرنا۔ لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنا۔ یہ واقعہ مشہور ومعروف ہے کہ آقا دو جہاںؐ پر یہودن کوڑا ڈالا کرتی تھی، جب وہ بیمار پڑ گئی تو حضرت محمدؐ اس کی عیادت کے لیے گئے۔

یہ الفاظ قرآن کریم کی سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 177 (جسے آیت البر بھی کہا جاتا ہے) کا حصہ ہیں، جس کا آغاز اس طرح ہے: »لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ« اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ صرف عبادت یا نماز کے وقت اپنا منہ مشرق یا مغرب (قبلہ یا کسی خاص سمت) کی طرف کر لینا ہی اپنے اندر مکمل نیکی اور دینداری کا خلاصہ نہیں ہے۔ ظاہری سمت بدلنے یا صرف رسومات ادا کرنے سے انسان حقیقی نیکوکار نہیں بن جاتا، جب تک کہ اس کے عقائد درست نہ ہوں اور وہ عملی زندگی میں احکامِ الٰہی پر عمل نہ کرے۔ اصل نیکی اور اچھے کام آیت کے اگلے حصے میں اللہ تعالیٰ نے حقیقی نیکی اور پرہیزگاری کی یہ نشانیاں بتائی ہیں: اللہ، آخرت کے دن، فرشتگان، آسمانی کتابوں اور تمام انبیاء پر دل سے ایمان لانا۔ اپنے پیارے مال کو قریبی رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں، مسافروں اور مانگنے والوں کو دینا۔ نماز کو ٹھیک طرح قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرنا۔ وعدہ پورا کرنا اور پریشانی، تنگدست یا جنگ کے حالات میں صبر کرنا وغیرہ پر عمل کریں۔

حضرت امام علی ابن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں "دنیا ایک گزر گاہ ہے"۔ تم ایک گھر سے دوسرے گھر منتقل کیے جاتے رہو گے۔ دنیا رہنے کی جگہ نہیں ہے۔

گزرگاہ اسے کہتے ہیں کہ جہاں کبھی نہیں ٹھہرنا ہے۔ کاش یہ پیغام ہر فرد و بشر، مولائی، نجفی، حیدری، اور مومنین کو سمجھ میں آجاتا کہ جس طرح معاشرے میں مومنوں کی موت ہو رہی ہے ویسے نہیں ہوتی۔ یہ موت ایک ابدی عبرت ناک دامن پر داغ کہلاتا ہے اور چہرے چھپانے کی کوئی جگہ بھی نہیں ملے گی۔ وجوہات وضاحت سے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سنجیدگی سے تفتیشی معاملہ ہے۔

عبادت گزاروں اور اشرف الخلوقات کا توجہ مبذول مقصود ہے کہ موت سے کچھ دیر قبل آخرت کی زندگی شروع ہو جاتی ہے۔ طبعی تبدیلیوں کا آغاز ہو جاتا ہے۔ پہلی جگہ برزخ، محشر، پل صراط کی طرف جاتا ہے۔ یہ سب زندگی کے مراحل ہیں۔ یہ ہزاروں سال بھی ہو سکتا ہے جو زندگی کے مختلف مراحل ہیں۔ پل صراط کے بعد جنت کا راستہ آئے گا۔

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ تم بقا کے لیے خلق ہوئے ہو، فنا کے لیے نہیں۔ تم آخرت کے لیے خلق ہوئے ہو، دنیا کہ لیے نہیں۔ آخرت مسلسل تبدیلی کا نام ہے۔ اس مقام سے چلنے کی تیاری کرو جس جگہ پر ہمیشہ رہنا ہے۔ اس جگہ سے اٹھاؤ وہ چیزیں (عمل احسن) جو آگے تمھارے ساتھ جائے گا اور کام آئے گا۔ امام متقیانؑ فرماتے ہیں کہ اپنی بنیادی اخلاقی غلطیوں پر غور وفکر کرو۔ تم لوگ دنیاوی زندگی کے بارے میں زیادہ سوچتے ہو۔ موت کے بعد کی زندگی دائمی ہے وہاں کے لیے توشۂ بخشش جمع کرو۔ مادہ پرستی کو الوداع کہو اور آخرت پرست بنو۔ امام امیرالمومنینؑ متوجہ کراتے ہیں کہ فانی دنیا کی فکر نہ کریں بلکہ آخرت کو مدنظر رکھیں۔ امام علیؑ نے اپنے شیعوں کو یہی درس دیا ہے۔

تعلیمات قرآن کریم، احادیث پاک رحمت اللعالمینؐ، اقوال ذریں ائمہ چہاردہ معصومینؑ، نہج، صحیفہ سجادیہ، مکارم الاخلاق، درسگاہ کربلا، فرش عزا، والدین کی تربیت، اسکول کی تعلیم اور ذاکر اہلبیت ع اور وارث رسولؐ کی لاتعداد واعظ ونصائح کردار وعمل سے عیاں ہونے چاہیے۔

موجودہ نسلوں کو اپنے عمل احسن سے نئی نسلوں اور آئندہ نسلوں کی تربیت قرآن کریم، رسولؐ کی احادیث پاک، ائمہ کرامؑ کے اقوال ذریں، نہج البلاغہ، صحیفہ سجادیہ اور مکارم الاخلاق کے دروس کے مطابق تربیت کریں۔ دنیا سے اپنے قلوب کو نکال دیں قبل اس کے کہ آپ کے جسم کو دنیا سے نکالے جائیں۔ اگر آپ عمل احسن اپنی زندگی کا شعار نہ بنایا تو آپ کا جسم دنیا سے بڑی سختی سے نکالا جائے گا۔ مادہ اور دنیاوی پرست کی موت بہت سخت ہوتی ہے۔ کل نفس ذائقۃ الموت، ہر نفس کو موت کا مذہ چکھنا ہے۔ لہٰذا یہ حقیقت ہمیشہ مدنظر رہے کہ عبادتوں میں نیکی و انسانیت اعلیٰ وافضل ہے۔

☆☆☆☆☆☆

# سیرت نبویؐ اور صحت مند کا تصور

ڈاکٹر نازش احتشام اعظمی



حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ طیبہ اور بعثتِ مبارکہ کا اصل مقصد صرف چند عقائد کی تصحیح یا مذہبی معابد وشعائر کی حد تک انسانی زندگی کو محدود رکھنا نہ تھا، بلکہ تاریخ عالم کی اس عظیم ترین انقلابی تحریک کا اصل مدعا انسانی وجود کے ہر انفرادی واجتماعی گوشے کی اصلاح، تطہیر اور ایک کامل ومتوازن نظام حیات کا قیام تھا۔ اسلام جس معاشرتی نظام کی تعمیر کرنا چاہتا ہے، وہ محض ایک خیالی اور غیر عملی تصور نہیں بلکہ ایک ایسا زندہ اور متحرک انسلاک ہے جس میں جسمانی قوت، عقلی صفائی، اخلاقی پاکیزگی، سماجی عدل اور روحانی بالیدگی ایک دوسرے سے مکمل طور پر پیوست اور ہم آہنگ ہیں۔ اگر بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ رسولِ پاک ﷺ نے جس عمرانی اور مدنی ڈھانچے کی بنیاد رکھی، اس کا اصل گوہرِ مقصود ایک ایسا صحت مند معاشرہ تشکیل دینا تھا جو باطنی روگوں کے ساتھ ساتھ ظاہری عوارض، سماجی ناانصافیوں اور روایاتی بگاڑ سے بھی پاک ہو۔ ایک حقیقی اور باکمال معاشرے کا معیار صرف یہ نہیں ہوتا کہ اس کی حدود میں علاج معالجے کے جدید ترین مراکز قائم ہوں، ادویات کے انبار موجود ہوں یا طبی ٹیکنالوجی کی تمام تر سہولیات میسر آ چکی ہوں، بلکہ بصیرت مندانہ نگاہ یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہے کہ ایک واقعی صحت مند معاشرہ وہ ہوتا ہے جہاں امراض کے پیدا ہونے کا بنیادی راستہ ہی روک دیا جائے، جہاں حفظانِ صحت اور صفائی انسان کی جبلت اور اس کے عقیدے کا حصہ بن چکی ہو، اور جہاں فرد کا دوسرے فرد کے ساتھ تعلق محض مادیت کے بجائے ہمدردی، اخوت اور انسانی وقار کی پاسداری پر استوار ہو۔ اسوۂ نبوی ﷺ اسی جامع اور عالمگیر توازن کی ایک روشن ترین اور لازوال سائنسی واخلاقی دستاویز ہے۔ عہدِ حاضر کی المناک ترین حقیقت یہ ہے کہ انسان نے سائنسی پیش رفت، طبی تسخیر اور تکنیکی ترقی کی بلند ترین چوٹیوں کو چھونے کے باوجود خود کو ایک شدید ترین اور گہرے بحران میں مبتلا کر لیا ہے۔ آج دنیا کی غالب آبادی طرزِ زندگی کی خرابیوں، بے ہنگم غذائی عادات، شدید ذہنی اضطراب، خاندانی شیرازہ بندی کے بگاڑ اور ماحولیاتی تباہ کاریوں کے نرغے میں ہے، جس نے معاصر تہذیب کے جسم وروح دونوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ ان حالات میں جب ہم سیرتِ طیبہ ﷺ کے عطا کردہ حیات بخش اصولوں پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ نبوی حکمت و تدبیر نے آج سے چودہ سو سال قبل انسانیت کے ان تمام بنیادی المیوں کا ایک ایسا منطقی اور پائیدار حل پیش کر دیا تھا جس کی افادیت زمانی اور مکانی سرحدوں کو عبور کر کے ہر دور کے لیے یکساں طور پر رہنمایانہ حیثیت رکھتی ہے۔ اسلام نے صحتِ عامہ کو کسی ہنگامی یا ثانوی شعبے کے طور پر نہیں دیکھا، بلکہ اسے دین کے اقامتی مقاصد اور انسانی امانت داری کا ایک ناگزیر ستون قرار دیا ہے۔ نبوی نظامِ حیات میں ذاتی صفائی اور نظافت کو محض ایک اتفاقی یا رسمی عادت کی سطح سے اٹھا کر ایمان کی روح اور عبادات کا لازمی جزو بنا دیا گیا۔ روزانہ پانچ وقت کی نماز سے پہلے وضو کی پابندی، جس میں جسم کے کھلے اور آلودگی کے قریب ترین اعضا کو بار بار دھونے کا حکم دیا گیا ہے، حفظانِ صحت کا ایک ایسا منظم اور خودکار انفرادی نظام ہے جس کی مثال دُنیا کا کوئی دوسرا فلسفہ یا فکر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اسی پر بس نہیں، بلکہ مسواک کی روزمرہ تاکید اور سنتِ نبوی کے طور پر اس کا مسلسل اہتمام ایک ایسا انقلابی عمل تھا جس نے منہ اور دانتوں کی نظافت کو انسانی نظامِ حیات کی ایک مستقل عادت بنا دیا۔ موجودہ دور کی جدید طبی سائنس، حیوانی کیمیا اور دندان سازی کی تحقیق اب جا کر اس حقیقت کا انکشاف کر رہی ہے کہ منہ کی ناقص صفائی نہ صرف دانتوں اور مسوڑھوں کی تباہی کا سبب بنتی ہے بلکہ اس کا براہِ راست اور مہلک تعلق دل کی بیماریوں، گردوں کے عوارض اور ذیابیطس جیسے دائمی امراض سے بھی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس باریک سائنسی حقیقت کو عباداتی نظافت سے جوڑ کر انسان کو اندرونی وبیرونی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا ایک ایسا پائیدار اور بے لاگ انتظام فرمایا جس کے لیے کسی بھاری معاشی بوجھ یا پیچیدہ ٹیکنالوجی کی ضرورت نہیں، بلکہ صرف فکر کی بیداری اور انفرادی نظم وضبط کی حاجت ہے۔ غذائی زندگی کا معاملہ ہو یا جسمانی احتیاج کا، سیرتِ نبوی ﷺ کا سب سے نمایاں اور جلی ترین اصول ضبطِ نفس، اعتدال اور وسطیت ہے۔ قرآنی تعلیمات میں کھانا پینے کی اجازت کے ساتھ اسراف اور بے اعتدالی کی سخت مذمت کی گئی، اور نبی اکرم ﷺ نے اپنے عمل اور قول سے اس حکمت کی ایسی شرح فرمائی کہ جس پر عمل پیرا ہو کر دنیا کی نصف سے زائد بیماریاں پلک جھپکتے میں ختم ہو سکتی ہیں۔ آپ ﷺ نے پیٹ کو تمام بیماریوں کا گھر قرار دیا اور غذائی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے معدے کو تین حصوں میں تقسیم کرنے کا عالمگیر سنہری قانون عطا فرمایا، یعنی ایک حصہ کھانے کے لیے، ایک حصہ پانی کے لیے اور ایک حصہ سانس کی آمد ورفت کے لیے خالی رکھنا۔ یہ اصول انسان کو شہوتِ شکم، خواہش پرستی اور نڈر ہو کر پیٹ بھرنے کے ان ہلاکت خیز رویوں سے نجات دلاتا ہے جو انسان کو حیوان کی سطح پر گرانے کے ساتھ ساتھ جسمانی طور پر بھی مفلوج کر دیتے ہیں۔ عصرِ حاضر میں، جب ترقی یافتہ اور نام نہاد مہذب معاشرے انتہائی پراسیس شدہ غذاؤں، ضرورت سے زائد خوراک کے استعمال اور بے جا سستی کے نتیجے میں موٹاپے، امراضِ قلب، بلند فشارِ خون اور ٹائپ ٹو ذیابیطس کی وبائی لہروں کا شکار ہیں، سیرتِ نبوی ﷺ کا یہ متوازن غذائی قانون انسانی جسم کو امراض کا امجاہ بننے سے بچاتا ہے اور ایک صاحبِ بصیرت انسان کی شایانِ شان غذائی طرزِ فکر پیش کرتا ہے جو ضرورت سے کم اور ضرورت سے زائد کے درمیان کامل عدل کا مظہر ہے۔ موجودہ وبائیاتی سائنس اور تدابیرِ صحت کا ایک اور روشن ترین پہلو امراض کی پیش بندی اور متعدی بیماریاں پھیلنے کے موقع پر اختیار کیے جانے والے سائنسی اصول ہیں۔ سیرتِ طیبہ ﷺ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ طاعون یا کسی بھی متعدی وبا کے پھیلنے کی صورت میں نبوی حکمتِ عملی اتنی واضح، صریح اور منطقی بنیادوں پر استوار تھی کہ عقلِ سلیم اس کے آگے سرنگوں ہونے پر مجبور ہے۔ آپ ﷺ نے یہ انقلابی ہدایت فرمائی کہ جس علاقے میں کوئی وبائی مرض پھوٹ پڑے وہاں کے لوگ باہر نہ نکلیں اور باہر کے لوگ اس متاثرہ بستی میں داخل نہ ہوں۔ یہ دنیا کی تاریخ کا سب سے پہلا، کامل اور باقاعدہ قرنطینہ ※ کا قانون تھا، جو جدید سائنسی اور طبی علوم کے وجود میں آنے سے چودہ صدیاں قبل نافذ کیا گیا۔ اس نبوی تعلیم کے پیچھے جو اصل اور گہر افکر کارفرما تھا، وہ فرد اور معاشرے کی باہمی اخلاقی ذمہ داری تھی۔ اسلام یہ تصور پیش کرتا ہے کہ فرد کی ذاتی آزادی ہرگز اس حد تک بے لگام اور مطلق نہیں ہو سکتی کہ وہ دوسرے انسانوں کی صحت اور اجتماعی بقا کے لیے خطرہ بن جائے۔ یوں آپ ﷺ نے صرف بیماری کا علاج کرنے کے بجائے بیماری کے پھیلاؤ کو اس کے نقطۂ آغاز ہی پر روک دینے کی وہ تدبیر عطا فرمائی جو آج بھی کسی بھی عالمی یا مقامی طبی بحران سے نمٹنے کے لیے واحد سب سے موثر اور حتمی سائنسی ذریعہ سمجھی جاتی ہے۔ انسانی شخصیت کی تعمیرِ نو اور معاشرتی فلاح کا معاملہ صرف جسمانی تندرستی تک محدود نہیں ہو سکتا، بلکہ انسان کا ذہنی توازن، نفسیاتی سکون اور جذباتی ثبات بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ اس کا جسمانی طور پر صحت مند ہونا۔ سیرتِ مطہرہ ﷺ کا ایک نہایت درخشندہ اور انقلاب آفریں پہلو یہ ہے کہ رسول پاک ﷺ نے انسانوں کے نفسیاتی روگوں، جذباتی جھٹکوں اور ذہنی تناؤ کا جو معالجہ فرمایا، وہ دنیا کی تاریخ میں بے نظیر ہے۔ آپ ﷺ کا ہر شخص سے کھلے چہرے اور مسکراہٹ کے ساتھ ملنا، دوسروں کی بات کو بغیر کسی اکتاہٹ کے انتہائی توجہ اور حوصلے سے سننا، بیواؤں، یتیموں، مساکین اور پسے ہوئے طبقات کے زخموں پر ہمدردی کا مرہم رکھنا، اور معاشرے میں ہر لحات میں امید، صبر، توکل اور رجائیت کی فضا قائم کرنا در اصل وہ عظیم اور تدارکی تدابیر تھیں جو کسی بھی معاشرے کو باہمی بیگانگی، تنہائی، اضطراب، افسردگی اور نفسیاتی انحطاط سے محفوظ رکھتی ہیں۔ آج کی مادی دنیا جب تنہائی اور ذہنی تناؤ کے ہولناک دائرے میں جکڑی جا چکی ہے، تو اسوۂ نبوی ﷺ کا عطا کردہ جذباتی توازن اور ہمدردانہ سماجی یکجہتی کا نظام ان تمام نفسیاتی روگوں کا ایک ایسا حتمی، شفا بخش اور کامل علاج بن کر ابھرتا ہے جو فرد کے اندر جینے کا حوصلہ اور معاشرے میں باہمی ربط کی روح پھونک دیتا ہے۔ معاشرتی صحت کا یہ ہمہ گیر تصور اس وقت تک نامکمل اور بے معنی رہتا ہے جب تک کہ وہ سماج کے مفلوک الحال، محتاج، کمزور اور محروم طبقات کا احاطہ نہ کرے۔ نابرابری، غربت، بھوک، مناسب رہائش کا نہ ہونا اور امتیازی سلوک وہ سماجی ناسور ہیں جو انسان کی جسمانی اور نفسیاتی صحت کو اندر سے کھوکھلا کر دیتے ہیں۔ سرورِ کائنات ﷺ نے زکوٰۃ کے منضبط نظام، صدقات کی ترغیب اور مواخات کے بے مثال عمل کے ذریعے ایک ایسا عادلانہ سماجی اور معاشی ڈھانچہ قائم فرمایا جس میں غریب کی کفالت، یتیم کی سرپرستی اور مریض کی دیکھ بھال کو کسی کا احسان نہیں بلکہ صاحبِ ثروت پر اخلاقی وشرعی فرض کا درجہ دیا گیا۔ یہ نظام معاشرے سے معاشی کڑھن، بغض، حسد اور سماجی محرومی کے زہر کو مٹا دیتا ہے، اور اس حقیقت کو پوری قوت سے عیاں کرتا ہے کہ جس معاشرے میں اس کے کمزور افراد بھوک، ناداری اور بے توجہی کی سولی پر لٹک رہے ہوں، وہ کبھی بھی ایک صحت مند اور متوازن معاشرہ کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا۔ نبوی تعلیمات نے صحت کے حصول اور بنیادی انسانی ضروریات کی منصفانہ فراہمی کو ایک اجتماعی اخلاقی فریضہ بنا کر عدلِ اجتماعی کی سچی بنیادیں استوار کیں۔ اسی طرح، نبوی طبی اخلاقیات کی روح اور اس کا اصل گوہرِ مقصود انسانی وقار کا مطلق احترام ہے۔ اسلام کی نظر میں مریض محض کسی بیماری کا نام، کوئی معائناتی کیس یا بستر کا نمبر نہیں ہوتا، بلکہ وہ ایک محترم، مکرم اور ذی روح انسانی وجود ہے جو جذبات، احساسات، خاندانی تعلقات اور امیدوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ سرکارِ دو عالم ﷺ نے خود مریضوں کی عیادت فرما کر، ان کی مزاج پرسی کر کے، اور ان کے پاس بیٹھ کر شفقت ومحبت سے ان کا دل بہلا کر معالجین اور معاشرے کے سامنے اخلاقِ طب کی وہ عظیم ترین مثال قائم کی جس کی نظیر انسانی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ آپ ﷺ نے بیمار کی خدمت کرنے والوں کو صبر، مہربانی اور حسنِ سلوک کی تلقین فرمائی اور یہ درس دیا کہ شفایابی کا آدھا تعلق دوا اور سائنسی تدبیر سے ہوتا ہے تو باقی آدھا تعلق معالج کی ہمدردی، اخلاق اور انسان دوست رویے سے استوار ہوتا ہے۔ طبی سائنس اور پیشہ ورانہ مہارت اگر انسانی ہمدردی، اخلاقیات اور احترامِ آدمیت سے عاری ہو جائیں تو وہ شفا کا ذریعہ بننے کے بجائے محض ایک بے روح، تجارتی اور سفاکانہ مشغلہ بن کر رہ جاتی ہیں، جبکہ اسوۂ نبوی ﷺ علم، ٹیکنالوجی اور اخلاقیات کا ایسا شاندار امتزاج پیش کرتا ہے جو مریض کی روح اور جسم دونوں کو شفا بخشتا ہے۔ خاندانی نظام کو رسول اللہ ﷺ نے صحت مند معاشرے کی بنیادی اکائی، اینٹ اور اس کا سب سے محکم قلعہ قرار دیا۔ آپ ﷺ نے شوہر اور بیوی، والدین اور اولاد، اور دیگر عزیز واقارب کے باہمی تعلقات کی ایسی دلنشین، فطری اور متوازن حد بندی فرمائی کہ گھرانہ سکون، اطمینان اور الفت کا حقیقی گہوارہ بن جائے۔ آپ ﷺ کا فرمانِ گرامی کہ تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہل و عیال کے لیے بہتر ہے، خاندانی زندگی میں محبت، نرم گفتگو، باہمی تعاون اور جذباتی وابستگی کا ایک ایسا لازوال منشور ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہی ایک محفوظ سماجی ماحول وجود میں آ سکتا ہے۔ جب خاندانی چھت کے نیچے فرد کو محبت، احترام، تحفظ اور جذباتی سہارا میسر آتا ہے تو اس کی جسمانی اور نفسیاتی نشوونما انتہائی سازگار حالات میں ہوتی ہے، جو آگے چل کر ایک توانا، صائب اور صالح معاشرے کی تشکیل کا باعث بنتی ہے۔ اس کے برعکس، خاندانی ٹوٹ پھوٹ، گھروں کے اندر کے تنازعات اور جذباتی بے حسی نسل در نسل انسانوں کی صحت اور نفسیات کو مسمار کرتی چلی جاتی ہے، جس کا مداوا دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا ہسپتال یا طبی مرکز بھی نہیں کر سکتا۔ کرۂ ارض کی ماحولیاتی پاکیزگی اور فطری توازن کے قیام میں بھی سیرتِ نبوی ﷺ کا کردار تاریخ کے صحائف میں آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ آپ ﷺ نے انسان کی صحت کو اس کے اردگرد کے ماحول، فضا، پانی اور زمین کی صحت کے ساتھ برائے راست مربوط فرمایا۔ راستے سے تکلیف دہ اور ناپاک چیزوں کا ہٹانا، عمومی راستوں اور سایہ دار جگہوں کو آلودگی سے پاک رکھنا، پانی کے قدرتی ذخائر اور چشموں کو گندا کرنے سے منع فرمانا، اور درخت لگانے ونباتات کی افزائش کو صدقہ جاریہ اور عبادت قرار دینا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ اسلام کا تصورِ صحت صرف انسان کے اندرونی وجود تک محدود نہیں بلکہ وہ پورے ماحولیاتی کرے کی حفاظت کا احاطہ کرتا ہے۔ آج جب دنیا نیاز ہر یلی فضا، آبی آلودگی، جنگلات کی بے دریغ کٹائی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں ہولناک بیماریوں اور تباہ کاریوں کا سامنا کر رہی ہے، سیرتِ نبوی ﷺ کا یہ ماحولیاتی اخلاقی نظام ایک ایسی شمعِ ہدایت بن کر سامنے آتا ہے جو انسان کو قدرت کے توازن کا احترام کرنے اور ماحول کو آلودگی کی بربادی سے بچانے کی عملی وروحانی ترغیب دیتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی اپنی ذاتِ بابرکت اور روزمرہ کا معمول متحرک، باعمل اور کامل توازن سے عبارت زندگی کی سب سے بڑی عملی تجسیم تھا۔ آپ ﷺ کثرت سے پیادہ چلتے، سفر کی صعوبتیں برداشت کرتے، اپنے ہاتھوں سے گھر کے اور معاشرے کے کام کاج انجام دیتے، اور سستی و کاہلی سے اللہ کی پناہ مانگتے تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ نے مناسب وقت پر آرام کرنے، نیند کے حقوق پورے کرنے، اور خلوت وفکر کے اوقات کی پاسداری کی بھی شدید تاکید فرمائی۔ آپ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا بنیادی محور اور درخشندہ اصل یہ تھی کہ نہ تو نفس کو مار کر جسم کو بے جا مشقت میں ڈالا جائے اور نہ ہی کاہلی کو اختیار کر کے جسمانی صلاحیتوں کو زنگ آلود ہونے دیا جائے، بلکہ کام، عبادت، خاندانی فرائض، تفریح اور آرام کے درمیان ایک ایسا توازن قائم کیا جائے جو انسانی طاقت کو دیرپا اور مضبوط بناتا ہے۔ عصرِ حاضر کا طبی علم بھی اس بات کی کامل تصدیق کرتا ہے کہ باقاعدہ جسمانی تحرک، متوازن غذا اور مناسب آرام کا یہی مجموعہ دائمی امراض سے بچاؤ اور لمبی وصحت مند زندگی کا واحد قدرتی راز ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ سیرتِ نبوی ﷺ کا تصورِ صحت محض طبی ہدایات یا حفظانِ صحت کے چند بکھرے ہوئے قواعد کا نام نہیں ہے، بلکہ یہ انسان کے جسم، عقل، روح، معاشرے اور ماحول کو ایک اکائی تسلیم کرنے والا کامل، منطقی اور سائنسی نظامِ حیات ہے۔ یہ فلسفہ سائنسی پیش رفت اور طبی علوم کی نفی نہیں کرتا، بلکہ سائنس اور ٹیکنالوجی کو اخلاقی اقدار اور انسانی احترام کے تابع کر کے انسانیت کے لیے حقیقی شفا، امن اور طمانینت کا سامان فراہم کرتا ہے۔ آج جب اکیسویں صدی کا انسان تمام تر طبی سہولیات کے باوجود داخلی انتشار، جسمانی شکستگی اور معاشرتی بگاڑ کا شکار ہے، سیرتِ طیبہ ﷺ کا یہ لازوال اسوہ ہی اسے ان تمام تاریکیوں سے نکال کر ایک پاکیزہ، تندرست اور انسان دوست معاشرے کی طرف گامزن کر سکتا ہے۔ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے سچی محبت، عقیدت اور آپ ﷺ کو حقیقی خراجِ عقیدت پیش کرنے کا واحد بامعنی طریقہ یہی ہے کہ ہم اس جامع نظامِ عمل کو اپنے انفرادی معمولات، خاندانی روابط، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور اجتماعی پالیسیوں میں نافذ کریں، اور ایک ایسے صحت مند معاشرے کی تعمیر کے لیے فعال کردار ادا کریں جہاں ہر فرد اپنی ذات کے ساتھ ساتھ تمام نوعِ انسانی کی صحت، عزت، وقار اور بقا کا حقیقی محافظ بن جائے۔



